نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

PH. 042-99200729, 99200731, Email: mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی بہتر نگہداشت سے متعلق سفارشات جاری کر دیں

لاہور،26 ستمبر 2024:ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق اکتوبر کا مہینہ کپاس کی فصل کے لیے انتہائی اہم ہے۔کاشتکار موسمی حالات پر نظر رکھیں اور اس کے مطابق آبپاشی، سپرے اور دوسرے امور سر انجام دیں۔کپاس کے کاشتکار ہفتہ میں دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔رس چوسنے والے کیڑے مثلاً چست تیلہ، سست تیلہ، سفید مکھی اور تھرپس تیزی سے افزائش نسل کرتے ہیں اور رس چوس کر فصل کو کمزور کر دیتے ہیں۔کپاس کی فصل پر ضرر رساں کیڑوں اور سنڈیوں کے حملے کی صورت میں محکمہ زراعت توسیع کے عملہ کی ہدایات کے سفارش کردہ زرعی زہریں استعمال کریں۔کپاس کی فصل پر پائریتھرائڈ گروپ کی زہروں کے استعمال سے گریز کریں تاکہ سفید مکھی کا حملہ بڑھ نہ جائے۔گلابی سنڈی کے حملے کا بروقت پتہ لگانے کے لیے ہفتہ میں دوبار کپاس کی فصل کی پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔گلابی سنڈی کی مانیٹرنگ کے لیے روشنی یا جنسی پھندوں کا استعمال کریں۔اگر گلابی سنڈی کے پروانوں کی تعداد جنسی پھندے میں 5 پروانے تین لگاتار راتیں آجائیں تو سفارش کردہ نئی کیمسٹری کی زہروں کا سپرے محکمہ زراعت کے مقامی عملہ کے مشورہ سے کریں اور سپرے 7 دن کے وقفہ سے دوبارہ کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ کاشتکار کپاس کی چنائی صبح 10 بجے شروع کریں جس وقت فصل اور ٹینڈوں پر سے رات کی شبنم خشک ہو جائے تاکہ کپاس بدرنگ نہ ہونے پائے اور نمی کی وجہ سے جننگ کے دوران مشکلات کا سامنا بھی نہ ہو۔چنائی ہمیشہ پودے کے نچلے حصے سے مکمل کھلے ہوئے ٹینڈوں سے شروع کریں اور بتدریج اوپر کو چنائی کرتے جائیں تاکہ پودے کے سوکھے پتے چنی ہوئی کپاس میں شامل نہ ہوں۔چنائی کے بعد پھٹی کو ایک دو دھوپ ضرور لگوائیں تاکہ نمی کو مناسب سطح پر لایا جاسکے۔اس کے علاوہ بی ٹی اور غیر بی ٹی اقسام کی پھٹی کو الگ الگ رکھیں۔

☆☆☆☆